(8) ڈیٹا کلیکشن فارم خوشخط انگریزی میں نہایت احتیاط سے پُر کریں۔ایک خانے میں صرف ایک حرف (CAPITAL LETTERS) یا ہندسہ لکھیں، کوئی حرف غلط لکھ دیا جائے تو اس پر سفید فلوڈ (White Fluid) لگا کر دوبارہ اس خانہ میں صاف صاف لکھیں۔کوئی بھی متعلقہ کالم خالی نہ چھوڑیں اور غیر متعلقہ کالم خالی چھوڑ دیں۔

(9) فارم پُر کرنے کے لئے سیاہ یا نیلے رنگ کا بال پوائنٹ یا پین استعمال کریں۔

(10) مقامِ روانگی (PLACE OF DEPARTURE) کے خانہ میں اس مقام کا اندراج کریں جہاں سے آپ نے حج کیلئے روانہ ہونا ہے۔مقام روانگی میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائیگی۔البتہ گلگت بلتستان سے جانے والے وہ افراد جو اسلام آباد ایئر پورٹ سے روانہ ہونگے وہ ڈیٹا کلیکشن فارم پر بس سروس کی سہولت حاصل کرنے کا انتخاب ضرور کریں۔

\images\Date_of_Birth not found.

(11) تاریخ پیدائش 22 فروری 1991 کا اندراج تاریخ پیدائش کے خانہ میں اس طرح کریں۔

(12) نام اور والد/خاوند کے نام سمیت تمام خانوں میں ہر لفظ کے بعد ایک خانہ خالی چھوڑ دیں۔فارم میں صرف وہی نام، ولدیت/زوجیت لکھیں جو آپ کے پاسپورٹ میں درج ہے۔نام، ولدیت/زوجیت لکھتے وقت Mr, Miss, Mrs, Maj, Dr وغیرہ کا استعمال نہ کریں۔

(13) <u>شناختی کارڈ پر بعض اوقات پرانا پتہ درج ہوتا ہے اس لئے حاجی کو بروقت اطلاع نہیں مل سکتی۔اس لئے اپنا موجودہ پتہ لکھیں جہاں سے آپ کو ڈاک آسانی سے مل سکے۔</u>

(14) درخواست دہندہ اپنا پتہ اس طرح درج کرے کہ کوئی لفظ نہ ٹوٹے اور پورے پورے الفاظ سے پتہ درج ہو جائے۔

**<u>اندراج کا طریقہ:</u>**

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| H | O | U | S | E | | 1 | 1 | | S | T | R | E | E | T | | 5 | 2 |
| G | - | 7 | / | 2 | | I | S | L | A | M | A | B | A | D | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | |

(15) جہاں آپ سے سوال کیا گیا ہے کہ اس کے مطلوبہ خانہ پر دائرہ کا نشان لگائیں اور دوسرے خانہ کو لازماً خالی چھوڑیں، مثال کے طور پر خواتین اس سوال کا یوں جواب دیں:

(16) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران حج کی سعادت حاصل کرنے والے اور خواتین کے محرم افراد متعلقہ خانوں میں اس کا اندراج کریں۔

(17) <u>گذشتہ سالوں میں حج کرنے والے خانے میں دائرہ کا نشان صحیح لگائیں جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے۔غلطی کی صورت میں ناکامی پر وزارت ذمہ دار نہ ہوگی۔</u>

(18) حج درخواست گزاروں کو چاہئے کہ وہ موبائل فون کے صحیح نمبر (ذاتی یا نزدیکی رشتہ دار کا) اور موبائل نیٹ ورک (یوفون، موبیلنک، ٹیلی نار، وارد، زونگ وغیرہ) درخواست فارم میں درج کریں۔جس پر وزارت کی جانب سے ان کو بھیجے گئے ایس۔ایم۔ایس (SMS) یا فون کال موصول ہو سکے۔

(19) محرم کا درخواست نمبر، محرم سے رشتہ (اردو میں) اور گروپ لیڈر کا اندراج بڑی احتیاط سے کریں۔

(20) بلڈ گروپ کا خانہ انتہائی احتیاط سے پُر کریں بلڈ گروپ تحریر کرنے سے پہلے کسی مستند میڈیکل لیبارٹری سے تجزیہ کروالیں۔

(21) <u>نامزدگی (NOMINEE) کے خانے میں کسی ایسے شخص کا نام، شناختی کارڈ نمبر اور موبائل نمبر تحریر کریں جو آپ کا خونی رشتہ دار ہو جس سے کسی حادثے یا مشکل حالات کی صورت میں پاکستان یا سعودی عرب سے فوراً رابطہ کیا جا سکے عازمِ حج کے انتقال کی صورت میں نامزد شخص ہی اس کے کسی ریفنڈ/رقم لینے کا حقدار ہوگا۔</u>